# BOARD QUESTION PAPER - 2016

سوال۔1 صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔

ا۔ حضرت عبداللہ بن زبیر رشتے میں حضرت عائشہؓ کے تھے۔

(الف) بیٹے (ب) بھتیجے

(ج) بھانجے (د) بھائی

۲۔ اردو کی تہذیبی جڑوں کی تلاش بنیادوں پر کی جا سکتی ہے۔

(الف) قوموں کی بنیاد پر (ب) تہذیب کی بنیاد پر

(ج) صرف ونحو کی بنیاد پر (د) علاقائی بنیاد پر

۳۔ تعمیرات میں بھی ابتداء ہی سے نمونے ملتے ہیں۔

(الف) ملے جلے (ب) ایرانی

(ج) ہندوستانی (د) انگریزی

۴۔ سکھوں کے مشہور گرودوارے کی بنیاد کس نے رکھی؟

(الف) گرونانک نے (ب) اورنگ زیب نے

(ج) تیغ بہادر نے (د) میاں میر نے

۵۔ غزل کا پہلا شعر کہلاتا ہے۔

(الف) مقطع (ب) حسن مقطع

(ج) مطلع (د) شاہ بیت

جواب:۔ (۱)ج (۲)ج (۳)الف (۴)د (۵)ج

سوال۔2 دیئے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کیجئے۔ 5

فرد ، برما ، سفید ، مشترکہ کلچر ، دگنا

۱۔ خبر آئی تھی کہ اس کا بیٹا ............... میں بم کے گولے کا شکار ہو گیا۔

۲۔ چمک دار قیمتی ............... رنگ کا موتی تو تم نے دیکھا ہوگا۔

۳۔ وہ کبھی اپنے باپ کے گھر کا ایک ............... نہ بن سکی۔

۴۔ سادھو ہو تو میں کیا کروں نکال ............... کرایہ۔

۵۔ اردو نے مخلوط اور ............... سے اپنے کو کبھی الگ نہیں کیا۔

جواب:۔ (۱) برما (۲) سفید (۳) فرد (۴) دگنا (۵) مشترکہ کلچر

سوال۔3 ایک جملے میں جواب دیجئے۔ 5

http://www.mpboardonline.com

۱۔ اردو کو کثیر اللسان کیوں کہا گیا ہے ؟

۲۔ ہندوستان کی تہذیب کیسی ہے ؟

۳۔ شوہر کے بغیر بہار عیش بیوی کو کیسی لگتی ہے ؟

۴۔ تیرہ بختی سے دن کا تعلق ہے یا رات کا ؟

۵۔ اسپ سوار سے کیا مطلب ہے ؟

جواب:۔ (۱) اپنی تہذیبی آبادیوں کی وجہ سے (۲) مشترکہ تہذیب جسے گنگا جمنی تہذیب بھی کہا جاتا ہے (۳) جہنم کے مانند

(۴) رات کا (۵) گھڑ سوار

سوال۔4 صحیح جملے کے سامنے ☑ اور غلط کے سامنے ☒ لکھئے۔ 5

۱۔ رائے صاحب کا اصلی نام امراؤ سنگھ تھا۔ ( )

۲۔ انھیں تنگ نظری اور ریاکاری محبوب تھی۔ ( )

۳۔ بغیر کسی مقصد کے پڑھنا فضول ہی نہیں مضر بھی ہے۔ (    )

۴۔ سیتا جی لکشمن کے چرنوں کی ریکھا ہیں۔ (    )

۵۔ جگر مرادآبادی کا نام علی سکندر تھا۔ (    )

**جواب:۔** (۱) ☑ (۲) ☒ (۳) ☑ (۴) ☒ (۵) ☑

سوال۔5 صحیح جوڑیاں قائم کیجئے۔ 5

| (الف) | (ب) |
|---|---|
| ۱۔ مت مارو چیل کو | (i) بیمار کی رات ہو گئی |
| ۲۔ پرچھائیاں ابھرتی ہیں | (ii) غم گیا ساری کائنات گئی |
| ۳۔ اس دور میں زندگی بشر کی | (iii) ورنہ تم پر حملہ کر دے گی |
| ۴۔ اللہ رے انقلاب کہ اک بادہ خوار کا | (iv) تصورات میں |
| ۵۔ دل گیا رونق حیات گئی | (v) دو چار آنسوؤں پہ گزارا ہے آج کل |

**جواب:۔** (۱) iii (۲) iv (۳) i (۴) v (۵) ii

سوال۔6 شادی میں حویلی کو کس طرح سجایا گیا تھا ؟ 2

یا۔

سمندر میں کون کون سی چیزیں ہوتی ہیں ؟

سوال۔7 بودھ راج کی جیب میں کیا کیا بھرا رہتا تھا ؟ 2

یا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا اخلاقی مرتبہ انتہائی بلند کیوں تھا ؟

سوال۔8 انگلستان کیسا ملک ہے ؟ 2

یا۔

خراب رزلٹ کا لڑکیوں پر کیا اثر پڑتا ہے ؟

سوال۔9 حکیم صاحب غریبوں کا علاج کس طرح کرتے تھے ؟ 4

یا۔

ایک اچھی کتاب میں کیا خصوصیات ہونا چاہئے ؟

[illegible]

"عمدہ کتاب حیات ہی نہیں بلکہ وہ ایک لافانی چیز ہے" اس قول میں مطلق مبالغہ نہیں۔ عمدہ کتاب خود ہی لافانی نہیں بلکہ اپنے لکھنے والے کو، ان کو جس کا اس میں ذکر ہے۔ اور بعض وقت پڑھنے والے کو بھی لافانی بنا دیتا ہے۔ عمدہ کتابوں نے انسان کے اخلاق وطبائع و آرا پر بہت بڑا اثر ڈالا ہے۔ خیالات میں عظیم الشان تغیر پیدا کیا ہے۔ قوموں میں ہلچل اور انقلابات پیدا کئے ہیں۔ اور ملکوں کی کایا پلٹ دی ہے"۔

http://www.mpboardonline.com

سوال۔10 عمدہ کتاب حیات ہی نہیں بلکہ وہ ایک لافانی چیز ہے۔ یہ قول کس کا ہے ؟ 2

سوال۔11 اس اقتباس کے سبق اور مصنف کا نام لکھئے۔ 2

سوال۔12 عبارت کا آسان اردو میں مطلب بیان کیجئے۔ 2

سوال۔13 درج ذیل مصنفین میں سے کسی ایک کی سوانح حیات لکھئے۔ 4

۱۔ رشید احمد صدیقی ۲۔ صالحہ عابد حسین ۳۔ علی عباس حسینی

سوال۔14 درج ذیل اشعار میں سے کسی دو اشعار کی تشریح کیجئے۔ 4

(۱) جگ میں آکر ادھر اُدھر دیکھا
تو ہی آیا نظر جدھر دیکھا

(۲) کوئی غم نہ کوئی خوشی چاہتے ہیں
ہو بے لوث وہ زندگی چاہتے ہیں

(۳) تیرے ہی غم کا دل کو سہارا ہے آج کل
بے کیف زندگی بھی گوارا ہے آج کل

سوال۔15 انیس نے دنیا کو سرائے فانی کیوں کہا ہے ؟ 2

یا۔

ساحر لدھیانوی کون کون سے رسائل کے ایڈیٹر رہے ؟

سوال۔16 ریل چٹانوں کو کیسی نظر سے دیکھتی ہے ؟ 2

یا۔

شاعر نے جگنو کو ہیرا کیوں کہا ہے ؟

سوال۔17 شاعر کس طرح کی زندگی چاہتا ہے ؟ 2

یا۔

زمانہ کس کا انتظار کر رہا تھا ؟

4 سوال۔18 درج ذیل میں سے کسی ایک بند کی تشریح حوالہ کے ساتھ کیجئے۔

(۱) سبزہ بنا کے لائے گا بستر مرے لئے
جھولا جھلانے آئے گی صرصر مرے لئے
صورت تمہاری دیکھ کے غم بھول جاؤں گی
صحرا کے سارے رنج والم بھول جاؤں گی

یا۔

(۲) رات کی تاریکیوں میں جھلملاتی کانپتی
پٹریوں پر دور تک سیماب چھلکاتی ہوئی
پُل پہ دریا کے دمادم کوندتی للکارتی
اپنی اس طوفان انگیزی پہ اتراتی ہوئی

4 سوال۔19 اپنی درسی کتاب سے کسی بھی نظم کی چار لائن لکھئے۔جو اس پرچہ میں نہ آتی ہوں۔

2 سوال۔20 اردو میں کن کن زبانوں کے اثرات پائے جاتے ہیں ؟

یا۔

بھگتوں اور صوفیوں نے اردو پر کیا اثر ڈالے ؟

2 سوال۔21 ہندوستانی قوم کی ترقی کس طرح ممکن ہے ؟

یا۔

نظیر اکبرآبادی کیوں مشہور ہیں ؟

2 سوال۔22 صفت کی تعریف لکھ کر مثال بھی دیجئے۔

یا۔

دیئے گئے الفاظ میں سے کسی چار کے معنی لکھئے۔

خلعت مہر حریف مجمع عداوت دستور

2 سوال۔23 مندرجہ ذیل الفاظ کے جملے بنایئے۔ (کوئی دو)

جناب من ضیافت قیام گاہ فرداً فرداً

یا۔

مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد لکھئے۔ (کوئی چار)

دوستی پسند قریب ہموار داخل برباد

سوال۔24 درج ذیل محاوروں میں سے کسی دو کا مطلب لکھ کر جملوں میں استعمال کیجئے۔ 4

لاج رکھنا چراغ پا ہونا آستین کا سانپ اڑتی چڑیا کو پہچاننا

یا۔

رموز و اوقاف میں سے کسی دو علامتوں کو لکھ کر ان کے نام لکھئے۔

سوال۔25 اسم کی تعریف لکھئے اس کی قسمیں لکھ کر ہر ایک کی مثال بھی دیجئے۔ 5

یا۔

درج ذیل الفاظ کے واحد اور جمع لکھئے۔ (کوئی پانچ)

اشجار روح آفات گرمی اساتذہ عادت

سوال۔26 اپنے اسکول کے پرنسپل کو ٹی۔سی کے لئے درخواست لکھئے۔ 5

یا۔

اپنے والد کو خط لکھئے جس میں آپ کی پڑھائی کا ذکر ہو۔

http://www.mpboardonline.com

سوال۔27 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر تفصیلی مضمون لکھئے۔ 10

ا۔ ہماری زندگی میں کھیلوں کی اہمیت
۲۔ سائنس کی اہم ایجادات
۳۔ آلودگی کے اسباب اور ان کا حل
۴۔ دلچسپ سفر

سوال۔28 درج ذیل غیر درسی اقتباس کو پڑھ کر نیچے دیئے ہوئے سولات کے جواب لکھئے۔ 5

اردو زبان کے خدوخال بارہویں صدی کے آخر میں بننا شروع ہوئے۔اردو ہندوستان کا کثیر اللسانی ورثہ ہے۔اسے ہندو، مسلمان، سکھ، عیسائی، پارسی، بدھ، جین سب کے میل جول سے فروغ حاصل ہوا۔خالص لسانیاتی نقطۂ نظر سے یہ ایک آریائی زبان ہے۔جس کی ساخت ہندوستانی ہے۔اس میں یوں تو ایرانی، عربی، انگریزی اور فرانسی زبانوں کے اثرات بھی ہیں۔لیکن فارسی، عربی، انگریزی اور ہندوستان کے علاقائی زبانوں کے اثرات اس میں زیادہ ہیں۔اسی وجہ سے اس زبان میں اظہار وسعت پیدا ہوئی اور یہ ہماری قوم اور لسانی تہذیب کی علامت بن گئی۔

سوالات:

ا۔ اردو کے خدوخال کب بننا شروع ہوئے؟

۲۔ اردو کو فروغ کس سے حاصل ہوا؟

۳۔ لسانی نقطۂ نظر سے یہ کیسی زبان ہے؟

۴۔ اردو کی ساخت کیسی ہے؟

۵۔ اردو میں کن زبانوں کے اثرات زیادہ ہیں؟

..........☆..........

http://www.mpboardonline.com
Whatsapp @ 9300930012
Your old paper & get 10/-
पुराने पेपर्स भेजे और 10 रुपये पायें,
Paytm or Google Pay से